اَلۡاِنۡشِقَاق

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا السَّمَآءُ انۡشَقَّتۡ ۙ﴿۱﴾	جب آسمان پھٹ جائے گا۔
وَ اَذِنَتۡ لِرَبِّہَا وَ حُقَّتۡ ۙ﴿۲﴾	اور اپنے پروردگار کا فرمان سن لے گا اور یہی اسکے لائق بھی ہے۔
وَ اِذَا الۡاَرۡضُ مُدَّتۡ ؕ﴿۳﴾	اور جب زمین ہموار کر دی جائے گی۔
وَ اَلۡقَتۡ مَا فِیۡہَا وَ تَخَلَّتۡ ۙ﴿۴﴾	اور جو کچھ اس میں ہے وہ اسے نکال کر باہر ڈالدے گی اور بالکل خالی ہو جائے گی۔
وَ اَذِنَتۡ لِرَبِّہَا وَ حُقَّتۡ ؕ﴿۵﴾	اور اپنے پروردگار کے ارشاد کی تعمیل کرے گی اور اسکو لازم بھی یہی ہے تو قیامت قائم ہو جائے گی۔
یٰۤاَیُّہَا الۡاِنۡسَانُ اِنَّکَ کَادِحٌ اِلٰی رَبِّکَ	اے انسان تو اپنے پروردگار کی طرف پہنچنے

كَدْحًا فَمُلٰقِیْهِ ۚ﴿۶﴾	تک خوب تکلیف اٹھاتا ہے پھر تو اس سے جا ملے گا۔
فَاَمَّا مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ بِیَمِیْنِهٖ ۙ﴿۷﴾	اب جس کا نامہ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا۔
فَسَوْفَ یُحَاسَبُ حِسَابًا یَّسِیْرًا ۙ﴿۸﴾	اس سے حساب آسان لیا جائے گا۔
وَّ یَنْقَلِبُ اِلٰۤى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ؕ﴿۹﴾	اور وہ اپنے گھر والوں میں خوش خوش واپس آئے گا۔
وَ اَمَّا مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۙ﴿۱۰﴾	اور جس کا نامہ اعمال اسکی پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے گا۔
فَسَوْفَ یَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۙ﴿۱۱﴾	تو وہ موت کو پکارے گا۔
وَّ یَصْلٰى سَعِیْرًا ؕ﴿۱۲﴾	اور دوزخ میں داخل ہو گا۔
اِنَّهٗ كَانَ فِیْۤ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ؕ﴿۱۳﴾	وہ اپنے اہل و عیال ہی میں مگن رہتا تھا۔
اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ یَّحُوْرَ ۛۚ﴿۱۴﴾	وہ تو خیال کرتا تھا کہ اللہ کی طرف لوٹ کر نہ جائے گا۔
بَلٰۤى ۛۚ اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِیْرًا ؕ﴿۱۵﴾	کیوں نہیں اس کا پروردگار تو اس کو دیکھ رہا تھا۔

فَلَآ اُقۡسِمُ بِالشَّفَقِۙ ﴿۱۶﴾	سو میں شام کی سرخی کی قسم کھاتا ہوں۔
وَالَّيۡلِ وَمَا وَسَقَۙ ﴿۱۷﴾	اور رات کی اور جن چیزوں کو وہ اکٹھا کر لیتی ہے ان کی۔
وَالۡقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَۙ ﴿۱۸﴾	اور چاند کی جب وہ پورا ہو جائے۔
لَتَرۡكَبُنَّ طَبَقًا عَنۡ طَبَقٍؕ ﴿۱۹﴾	کہ تم لوگ درجہ بدرجہ ضرور چڑھو گے۔
فَمَا لَهُمۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَۙ ﴿۲۰﴾	تو ان لوگوں کو کیا ہوا ہے کہ یہ ایمان نہیں لاتے۔
وَاِذَا قُرِئَ عَلَيۡهِمُ الۡقُرۡاٰنُ لَا يَسۡجُدُوۡنَؕ۩ ﴿۲۱﴾	اور جب انکے سامنے قرآن پڑھا جاتا ہے تو سجدہ نہیں کرتے۔
بَلِ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا يُكَذِّبُوۡنَ ۖ ﴿۲۲﴾	بلکہ کافر جھٹلائے جاتے ہیں۔
وَاللّٰهُ اَعۡلَمُ بِمَا يُوۡعُوۡنَ ۖ ﴿۲۳﴾	اور اللہ ان باتوں کو جو یہ اپنے دلوں میں چھپاتے ہیں خوب جانتا ہے۔
فَبَشِّرۡهُمۡ بِعَذَابٍ اَلِيۡمٍۙ ﴿۲۴﴾	تو انکو دکھ دینے والے عذاب کی خبر سنا دو۔

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۲۵﴾	ہاں جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لئے بے انتہا اجر ہے۔